بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ [سورۃ القمر ۱۷]

"اور یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کیلئے تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟"

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

www.KitaboSunnat.com

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد آپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیه ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com
www.KitaboSunnat.com

www.kitabosunnat.com

جملہ حقوق بحق بَیتُ القرآن رجسٹرڈ محفوظ ہیں۔

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿ وَاعْلَمُوْٓا ﴾ پارہ نمبر 10
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی، مدثر بن یوسف
ایڈیشن اول	جنوری 2008
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	35 روپے

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بَیتُ القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔
فون: 111 737 111-042 ایکسٹینشن 115
فیکس 111 737 111-042 ایکسٹینشن 111
ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org
ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔
فون: 042-7320318 فیکس: 042-7239884

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔
فون: 021-2629724 فیکس: 021-2633887

پبلشر نوٹ

1. ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب پرنٹ شدہ ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔
2. "بیت القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہوسکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاءاللہ العزیز۔

محمد مستمر خان
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوحِ محفوظ سے جبریل امینؑ کے ذریعے محمد رسولُ اللہ ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتابِ ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لئے تزکیۂ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیر دماغ کا فریضہ انجام دیتی ہے۔ قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تا کہ اس میں غور و فکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالبِ ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسولُ اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علمُ الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم و فنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل و گلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک مؤقر اور مؤثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روحِ رواں محترم عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔

فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں کے حوالے سے پیش کر کے پھر انہیں رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روز مرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور و فکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔

پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے مفتاح والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

"مصباح القرآن" ترجمہ قرآن میں یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالبِ قرآن کو اس کے معانی ومفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ مصباح میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں روزمرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعیّن کر دیئے ہیں تا کہ ایک استاد یا طالبِ قرآن اِن کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، یوں اس صفحے کے مقابل صفحہ پر پھر انہی تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی "مفتاح" کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہوگئی ہے۔ میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں الجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ "مصباح القرآن" کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہمِ قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہوگی جو عامتہ المسلمین میں عمل وتقویٰ اور صلاح وفلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ وہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کے حسنات کو حاصل کریں گے، اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین!

پروفیسر عبدالجبار شاکر

ڈائریکٹر: بیت الحکمت، لاہور، پاکستان

ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں مجھے قرآن فہمی کی کلاس لینے کا موقع ملا اور وہاں عربی گرامر پڑھانے کی ذمہ داری تفویض کی گئی، پڑھنے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، سرکاری محکموں کے آفیسرز، مختلف دفاتر میں کام کرنے والے اور طلبہ شامل تھے، ان میں عمر رسیدہ اصحاب بھی تھے اور نوجوان بھی، میری کوشش ہوتی کہ گرامر کو اس کی پیچیدگیوں سے دور کر کے آسان اور دلچسپ بنا کر پیش کیا جائے، اس کے باوجود لوگ کچھ عرصہ تو باقاعدگی سے حاضر رہتے، لیکن جب مشکل قواعد کا سلسلہ شروع ہو جاتا تو ایک ایک کر کے کم ہونے لگتے، ادھر میری خواہش یہ ہوتی کہ جو شخص قرآن فہمی کیلئے میری کلاس میں آیا ہے وہ کورس مکمل کر کے ہی جائے۔ اس احساس نے مجھے مسلسل غور وفکر کرنے پر مجبور کئے رکھا کہ قرآن فہمی کا ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ لوگ آخر تک کلاس میں دلچسپی سے شریک رہیں۔

آخر کار اللہ کے فضل وکرم سے مئی 1999ء میں میں نے گرامر کے ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیات تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں۔ اکثر الفاظ ہم روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں، اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہونے کی وجہ سے یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ان تینوں قسموں کے الفاظ کی شناخت کراتا، الحمد للہ اس طریقۂ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم نے مجھے یہ مشورہ دیا کہ آپ جس طریقے سے ہمیں ترجمۂ قرآن پڑھاتے ہیں، اسے کتابی شکل میں پیش کیا جائے تا کہ وہ عام لوگ بھی اس سے مستفید ہوسکیں جو آپ کی کلاس میں حاضر نہیں ہو سکتے، یا دوسرے شہروں میں رہتے ہیں۔ انہوں نے اظہار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کیا کہ اس مقصد کیلئے میں ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہوں، چنانچہ میرے اظہار آمادگی پر انہوں نے فوراً ایک کمپیوٹر اور ایک پرنٹر مہیا کر دیا، اس کیلئے ایک کمپوزر کی خدمات بھی حاصل کر لیں اور اپنے آفس میں ایک کمرہ اس کام کیلئے مخصوص کر دیا، اسی دوران قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے چھپ کر منظرِ عام پر آ چکی ہے، اس کے علاوہ ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا بھی شروع کیا جس میں اِن علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

الحمدللہ اس سلسلے کے دسویں پارے کا یہ پہلا ایڈیشن ہے جو آپ حضرات کے ہاتھوں میں ہے اسکی پروف ریڈنگ کے تقریباً آٹھ مراحل طے کئے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعوٰی نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔

آئندہ صفحہ پر اس ترجمۂ قرآن "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقے کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

آخر میں استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ اور اس کارِ خیر میں تعاون کرنے والے تمام لوگوں کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے۔ آمین یارب العالمین!

عبدالرحمٰن طاہر
فاضل اسلامیہ یونیورسٹی مدینہ منورہ
مبعوث: وزارة الشؤون الإسلامية والأوقاف والدّعوة والإرشاد، السعودية
استاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس لاہور، پاکستان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنھیں ہم روزمرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2. سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ	اور تم جان لو کہ بیشک جو تم نے غنیمت حاصل کی ہے
مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ	کسی چیز سے تو بیشک اللہ کے لیے ہے
خُمُسَهٗ وَ لِلرَّسُوْلِ	اس کا پانچواں حصہ اور (اسکے) رسول کے لیے ہے
وَ لِذِی الْقُرْبٰی وَ الْیَتٰمٰی	اور قرابت والے اور یتیموں کے لیے
وَ الْمَسٰكِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ	اور مسکینوں اور مسافروں (کے لیے) ہے
اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ	اگر ہو تم ایمان لائے اللہ پر
وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا	اور (اس پر) جو ہم نے اُتارا ہے اپنے بندے پر
یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعٰنِ	فیصلے کے دن (جس) دن باہم ملیں دو جماعتیں
وَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿41﴾	اور اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿41﴾
اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْیَا	جب (تھے) تم قریبی کنارے پر
وَ هُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰی	اور وہ (تمہارے دشمن) دور کے کنارے پر (تھے)
وَ الرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ	اور قافلہ نیچے (کی طرف) تھا تم سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِعْلَمُوْٓا	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلم انسانیت۔	اَنْزَلْنَا	نازل، نزول، شان نزول۔
غَنِمْتُمْ	غنیمت، مال غنیمت، غنیمتیں۔	الْفُرْقَانِ	فرق، تفریق، فاروق اعظم۔
شَیْءٍ	شے، اشیائے خورد و نوش۔	الْتَقَی	ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
الْقُرْبٰی	قریب، قربت، مقرب، تقرب۔	الْجَمْعٰنِ	جمع، جماعت، جامع، مجموعہ۔
اِبْنِ	ابن، متبنّیٰ، ابن الوقت۔	قَدِیْرٌ	قادر، قدیر، قدرت۔
السَّبِیْلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	الرَّكْبُ	ہم رکاب، رکابت، راکب۔
اٰمَنْتُمْ	ایمان، امن، مومن۔	اَسْفَلَ	سفلی علم۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ	اعۡلَمُوۡۤا ❶	اَنَّمَا	غَنِمۡتُمۡ	مِّنۡ شَیۡءٍ ❷	فَاَنَّ
اور	تم سب جان لو	کہ بیشک جو	تم نے غنیمت حاصل کی ہے	کسی چیز سے	تو بیشک

لِلّٰهِ	خُمُسَهٗ	وَ	لِلرَّسُوۡلِ	وَ	لِذِی الۡقُرۡبٰی
اللہ کے لیے ہے	اس کا پانچواں (حصہ)	اور	(اسکے) رسول کے لیے	اور	قرابت والے کیلئے

وَ الۡیَتٰمٰی	وَ الۡمَسٰکِیۡنِ ❸	وَ ابۡنِ السَّبِیۡلِ ۙ	اِنۡ	کُنۡتُمۡ اٰمَنۡتُمۡ ❹
اور یتیموں	اور مسکینوں	اور مسافروں (کے لیے)	اگر	ہو تم ایمان لائے

بِاللّٰهِ	وَ مَاۤ	اَنۡزَلۡنَا	عَلٰی عَبۡدِنَا	یَوۡمَ الۡفُرۡقَانِ
اللہ پر	اور (اس پر) جو	ہم نے اُتارا ہے	اپنے بندے پر	فیصلے کے دن

یَوۡمَ	الۡتَقَی الۡجَمۡعٰنِ ؕ	وَ اللّٰهُ	عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ	قَدِیۡرٌ ❺ (41)
(جس) دن	باہم ملیں دو جماعتیں	اور اللہ	ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا ہے

اِذۡ	اَنۡتُمۡ	بِالۡعُدۡوَةِ ❻ الدُّنۡیَا	وَ	هُمۡ
جب	(تھے) تم	قریبی کنارے پر	اور	وہ (تمہارے دشمن)

بِالۡعُدۡوَةِ ❻	الۡقُصۡوٰی ❻	وَ	الرَّکۡبُ	اَسۡفَلَ ❼	مِنۡکُمۡ ؕ
(تھے) کنارے پر	دور کے	اور	قافلہ	نیچے (کی طرف) تھا	تم سے

ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں "اُ" اور آخر میں "وا" ہو تو اس میں عموماً کام کرنے کے حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ ینِ جمع کی علامت نہیں بلکہ یہ نون اصل لفظ کا حصہ ہے ❹ کُنۡتُمۡ اور اٰمَنۡتُمۡ میں "تُمۡ" دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے ❺ فَعِیۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ "خوب" کیا گیا ہے ❻ ة اور ـی مؤنث کی علامتیں ہیں جنکا ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ لَوْ تَوَاعَدْتُّمْ	اور اگر تم ایک دوسرے سے وعدہ کرتے
لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ	(تو) ضرور تم اختلاف کرتے وقت مقرر میں
وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ	اور لیکن (اللہ نے تمہیں اکٹھا کر دیا) تا کہ اللہ پورا کردے
اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ۬	اس کام کو (جو) تھا کیا جانے والا
لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ	تا کہ ہلاک ہو جو ہلاک ہو واضح دلیل سے
وَّ يَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ؕ	اور زندہ رہے جو زندہ رہے واضح دلیل سے
وَ اِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ (42)	اور بیشک اللہ یقیناً خوب سننے والا جاننے والا ہے۔ (42)
اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ	جب اللہ دکھا رہا تھا آپ کو وہ (کافر)
فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ؕ	آپ کے خواب میں تھوڑے
وَ لَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا	اور اگر وہ دکھلاتا آپ کو انہیں زیادہ
لَّفَشِلْتُمْ	(تو) ضرور تم ہمت ہار جاتے
وَ لَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ	اور ضرور تم آپس میں جھگڑتے (اس) معاملے میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَوَاعَدْتُّمْ : وعدہ، وعید۔	بَيِّنَةٍ : دلیل بیّن، مبیّنہ طور پر۔
لَاخْتَلَفْتُمْ : اختلاف، مختلف، اختلافات۔	يَحْيٰى، حَيَّ : حیات، احیائے دین۔
الْمِيْعٰدِ : میعاد۔	لَسَمِيْعٌ : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔
لِّيَقْضِيَ : قضا، قاضی۔	يُرِيْكَهُمْ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
اَمْرًا : امر، آمر، مامور، امارت۔	كَثِيْرًا : کثیر، کثرت، اکثر، اکثریت۔
مَفْعُوْلًا : فاعل، مفعول۔	لَتَنَازَعْتُمْ : تنازع، متنازع علاقہ۔
هَلَكَ : ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔	فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَلَوْ	تَوَاعَدْتُّمْ ❶	لَاخْتَلَفْتُمْ ❷	فِي الْمِيْعٰدِ ۙ
اور اگر	تم آپس میں وعدہ کرتے	(تو) ضرور تم اختلاف کرتے	وقت مقرر میں

وَ	لٰكِنْ	لِّيَقْضِيَ ❸	اللّٰهُ ❹	اَمْرًا	كَانَ
اور	لیکن	(اکٹھا کردیا تمہیں) تاکہ پورا کردے	اللہ	(اس) کام کو	(جو) تھا

مَفْعُوْلًا ۙ ❺	لِّيَهْلِكَ ❸	مَنْ	هَلَكَ	عَنْ بَيِّنَةٍ ❻
کیا جانے والا	تاکہ ہلاک ہو	جو	ہلاک ہو	واضح دلیل سے

وَّ	يَحْيٰى	مَنْ	حَيَّ	عَنْ بَيِّنَةٍ ۭ ❻	وَ	اِنَّ اللّٰهَ
اور	وہ زندہ رہے	جو	زندہ رہے	واضح دلیل سے	اور	بیشک اللہ

لَسَمِيْعٌ ❷❼	عَلِيْمٌ ۙ ❼ (42)	اِذْ	يُرِيْكَهُمُ ❸	اللّٰهُ ❹
یقیناً خوب سننے والا	خوب جاننے والا ہے	جب	دکھا رہا تھا آپ کو انہیں (کافروں کے لشکر کو)	اللہ

فِيْ مَنَامِكَ	قَلِيْلًا ۭ	وَلَوْ	اَرٰىكَهُمْ	كَثِيْرًا
آپ کے خواب میں	تھوڑے	اور اگر	وہ دکھلاتا آپ کو انہیں	زیادہ

لَّفَشِلْتُمْ ❷	وَ	لَتَنَازَعْتُمْ ❶❷	فِي الْاَمْرِ
(تو) ضرور تم ہمت ہار جاتے	اور	ضرور تم آپس میں جھگڑتے	(اس) معاملے میں

ضروری وضاحت

❶علامت "تَ" اور "ا" میں باہمی طور پر کام کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔❷شروع میں علامت "لَ" میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔❸یہاں علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❹فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں "پیش" ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔❺اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔❻"ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❼اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ	اور لیکن اللہ نے سلامت رکھا، بیشک وہ
عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿43﴾	خوب جاننے والا ہے سینوں والی (بات) کو۔ ﴿43﴾
وَ اِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ	اور جب وہ دکھلا رہا تھا تمہیں ان (کافروں) کو
اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا	جب تم باہم ملے، تمہاری آنکھوں میں تھوڑے
وَّ يُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ	اور وہ کم دکھلا رہا تھا تمہیں اُن کی آنکھوں میں
لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا	تاکہ اللہ پورا کر دے (اُس) کام کو
كَانَ مَفْعُوْلًا ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ	(جو) تھا کیا جانے والا، اور اللہ کی طرف
تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿44﴾ ع	لوٹائے جاتے ہیں تمام معاملات۔ ﴿44﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو!
اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً	جب تم ٹکراؤ کسی گروہ سے
فَاثْبُتُوْا وَ اذْكُرُوا اللّٰهَ	تو تم ثابت قدم رہو اور یاد کرو اللہ تعالیٰ کو
كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿45﴾ ج	بہت زیادہ تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔ ﴿45﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَلَّمَ : سلام، سلامتی، سلامت ۔	لِيَقْضِيَ : قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔
عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلم انسانیت۔	تُرْجَعُ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
الصُّدُوْرِ : شرح صدر، شق صدر، صدر، صدر مقام۔	الْاُمُوْرُ : امر، آمر، مامور
يُرِيْكُمُوْ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔	فَاثْبُتُوْا : ثابت قدم، ثبوت، مثبت، اثبات۔
الْتَقَيْتُمْ ، لَقِيْتُمْ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔	اذْكُرُوْا : ذکر، ذاکر، تذکرہ، مذکورہ۔
اَعْيُنِكُمْ : عین سامنے، بعینہٖ، عینی شاہد۔	كَثِيْرًا : کثرت، کثیر، اکثر۔
يُقَلِّلُكُمْ : قلیل، قلت، الاقلیل۔	تُفْلِحُوْنَ : فلاح و بہبود، فلاحی ادارے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	سَلَّمَ ؕ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌۢ ❶	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿43﴾
اور لیکن	اللہ نے	سلامت رکھا	بیشک وہ	خوب جاننے والا ہے	سینوں والی (بات) کو

وَ اِذْ	يُرِيْكُمُوْهُمْ ❷	اِذِ	الْتَقَيْتُمْ ❸	فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ
اور جب	وہ دکھلا رہا تھا تمہیں ان (کافروں) کو	جب	تم باہم ملے	تمہاری آنکھوں میں

قَلِيْلًا	وَّ	يُقَلِّلُكُمْ	فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ	لِيَقْضِيَ ❹
تھوڑے	اور	وہ کم دکھلا رہا تھا تمہیں	اُن کی آنکھوں میں	تاکہ پورا کردے

اللّٰهُ	اَمْرًا	كَانَ	مَفْعُوْلًا ؕ	وَ	اِلَى اللّٰهِ
اللہ	(اُس) کام کو	(جو) تھا	کیا جانے والا	اور	اللہ کی طرف

ع 5 7 1

تُرْجَعُ ❺❻	الْاُمُوْرُ ﴿44﴾ ع	يٰٓاَيُّهَا ❼	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا
لوٹائے جاتے ہیں	(تمام) معاملات	اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو

اِذَا	لَقِيْتُمْ	فِئَةً ❺	فَاثْبُتُوْا	وَ
جب	تم ٹکراؤ	کسی گروہ سے	تو تم سب ثابت قدم رہو	اور

اذْكُرُوا	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ❽ ﴿45﴾ ع
تم سب یاد کرو	اللہ تعالیٰ کو	بہت زیادہ	تاکہ تم سب فلاح پا جاؤ

ضروری وضاحت

❶ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ فعل کے آخر میں کُمْ کے بعد اور علامت لگانی ہو تو درمیان میں "وْ" کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ❸ "تَ" میں کبھی باہمی طور پر کام کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ علامت "ةً" اور "تَ" واحد مؤنث کے لئے ہیں ان کا ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ "تُ" پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ يَا اور اَيُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے کیا گیا ہے۔ ❽ "كُمْ" اور "تُ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	اوراطاعت کرواللہ کی اوراس کے رسول کی
وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا	اورمت آپس میں جھگڑو، ورنہ تم کم ہمت ہوجاؤ گے
وَ تَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ؕ	اورجاتی رہے گی تمہاری ہوا اورصبر کرو
اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۚ﴿46﴾	بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔﴿46﴾
وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا	اورنہ تم ہوجاؤان لوگوں کی طرح جو نکلے
مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا	اپنے گھروں سے اکڑتے ہوئے
وَّ رِئَآءَ النَّاسِ	اورلوگوں کودکھلاوا کرتے ہوئے
وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ	اوروہ روکتے تھے اللہ کے راستے سے
وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿47﴾	اوراللہ اسکو جووہ عمل کرتے ہیں گھیرنے والا ہے۔﴿47﴾
وَ اِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ	اورجب مزین کردیے ان کے لیے شیطان نے
اَعْمَالَهُمْ وَ قَالَ لَا غَالِبَ	ان کے اعمال اورکہا نہیں کوئی غالب آنے والا
لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ	تم پر آج کے دن لوگوں میں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَطِيْعُوا : اطاعت، مطیع فرماں۔	رِئَآءَ : ریاکاری، رؤیت ہلال کمیٹی۔
تَنَازَعُوْا : تنازع، متنازع، تنازعات۔	سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
رِيْحُكُمْ : ریح بادی۔	يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
اصْبِرُوْا، الصّٰبِرِيْنَ : صبر، صابر۔	مُحِيْطٌ : احاطہ، محیط۔
مَعَ : مع اہل وعیال، معیت۔	زَيَّنَ : زینت، مزین، تزیین وآرائش۔
خَرَجُوْا : خارج، خروج، اخراج، مخرج۔	اَعْمَالَهُمْ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
دِيَارِهِمْ : دارالامن، دارالکتب، دیارغیر۔	غَالِبَ : غالب، مغلوب، غلبہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ	اَطِيْعُوا ❶	اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ	وَ	لَا تَنَازَعُوْا ❸
اور	تم سب اطاعت کرو	اللہ کی	اور	اس کے رسول کی	اور	مت تم سب آپس میں جھگڑو

فَتَفْشَلُوْا	وَ	تَذْهَبَ ❹	رِيْحُكُمْ	وَ	اصْبِرُوْا ❶ ط
ورنہ تم سب کم ہمت ہوجاؤ گے	اور	جاتی رہے گی	تمہاری ہوا	اور	تم سب صبر کرو

اِنَّ اللّٰهَ	مَعَ	الصّٰبِرِيْنَ ج (46)	وَ	لَا تَكُوْنُوْا ❷	كَالَّذِيْنَ
بیشک اللہ	ساتھ ہے	سب صبر کرنیوالوں کے	اور	نہ تم سب ہوجاؤ	ان لوگوں کی طرح جو

خَرَجُوْا	مِنْ دِيَارِهِمْ	بَطَرًا	وَ	رِئَآءَ النَّاسِ	وَ
سب نکلے	اپنے گھروں سے	اکڑتے ہوئے	اور	لوگوں کو دکھلاوا کرتے ہوئے	اور

يَصُدُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط	وَ	اللّٰهُ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ
وہ سب روکتے تھے	اللہ کے راستے سے	اور	اللہ	(اس) کو جو	وہ سب کرتے ہیں

مُحِيْطٌ ❺ (47)	وَ اِذْ	زَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ	اَعْمَالَهُمْ
گھیرنے والا ہے	اور جب	مزین کردیے	ان کے لیے	شیطان نے	ان کے اعمال

وَ	قَالَ	لَا غَالِبَ ❻	لَكُمُ	الْيَوْمَ	مِنَ النَّاسِ
اور	اس نے کہا	کوئی نہیں غالب آنے والا	تم پر	آج کے دن	لوگوں میں سے

ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں "اُ" اور آخر میں "وْا" میں عموماً کام کے کرنے کے حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر "وْا" ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❸ شروع میں "تَ" اور درمیان میں "ا" میں باہمی طور پر کام کرنے کا مفہوم ہے۔ ❹ "تَ" فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں ❺ شروع میں "مُ" اور آخر سے پہلے زیر ہو تو کام کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس کا ترجمہ "کوئی نہیں" کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ اِنِّیۡ جَارٌ لَّکُمۡ ۚ	اور بیشک میں حمایتی ہوں تمہارا
فَلَمَّا تَرَآءَتِ الۡفِئَتٰنِ	پھر جب ایک دوسرے کو دیکھ لیا دونوں جماعتوں نے
نَکَصَ عَلٰی عَقِبَیۡہِ	(تو) وہ (شیطان) واپس پلٹا اپنی ایڑیوں پر
وَ قَالَ اِنِّیۡ بَرِیۡٓءٌ مِّنۡکُمۡ	اور کہا بیشک میں بے زار ہوں تم سے
اِنِّیۡۤ اَرٰی مَا لَا تَرَوۡنَ	بیشک میں دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھ رہے
اِنِّیۡۤ اَخَافُ اللّٰہَ ؕ	بیشک میں ڈرتا ہوں اللہ سے
وَ اللّٰہُ شَدِیۡدُ الۡعِقَابِ ﴿48﴾ ع	اور اللہ بہت سخت عذاب والا ہے۔ ﴿48﴾ ع
اِذۡ یَقُوۡلُ الۡمُنٰفِقُوۡنَ	جب کہہ رہے تھے منافق
وَ الَّذِیۡنَ فِیۡ قُلُوۡبِہِمۡ مَّرَضٌ	اور وہ لوگ جو (کہ) اُن کے دلوں میں بیماری تھی
غَرَّ ہٰۤؤُلَآءِ دِیۡنُہُمۡ ؕ	دھوکہ دیا ہے ان (لوگوں) کو ان کے دین نے
وَ مَنۡ یَّتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ	اور جو (کوئی) بھروسا کرے اللہ پر
فَاِنَّ اللّٰہَ عَزِیۡزٌ حَکِیۡمٌ ﴿49﴾	تو بیشک اللہ نہایت غالب، بہت حکمت والا ہے۔ ﴿49﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَرَآءَتِ، تَرَوۡنَ	رویت ہلال کمیٹی، مرئی، غیر مرئی۔	الۡعِقَابِ	عقوبت خانہ۔
عَلٰی	علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔	الۡمُنٰفِقُوۡنَ	منافق، منافقت، نفاق۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	قُلُوۡبِہِمۡ	قلب اطہر، قلبی تعلق، قلبی امراض۔
بَرِیۡٓءٌ	بری، براءت، بری الذمہ، مبرّا۔	مَّرَضٌ	مرض، امراض، مریض۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماورائے آئین۔	غَرَّ	غرور، مغرور۔
اَخَافُ	خوف، خائف۔	یَّتَوَکَّلۡ	توکل، متوکل علی اللہ۔
شَدِیۡدُ	شدید، شدت، اشد۔	حَکِیۡمٌ	حکیم، حکمت۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ	اِنِّیْ	جَارٌ	لَّکُمْ ج	فَلَمَّا	تَرَآءَتِ ❶❷	الْفِئَتٰنِ ❸
اور	بیشک میں	حمایتی ہوں	تمہارے لیے	پھر جب	ایک دوسرے کو دیکھ لیا	دونوں جماعتوں نے

نَکَصَ	عَلٰی عَقِبَیْهِ ❹	وَ	قَالَ	اِنِّیْ	بَرِیْٓءٌ
(تو) واپس پلٹا (شیطان)	اپنی ایڑیوں پر	اور	کہا	بیشک میں	بے زار ہوں

مِّنْکُمْ	اِنِّیْٓ اَرٰی ❺	مَا	لَا تَرَوْنَ	اِنِّیْٓ اَخَافُ ❺
تم سے	بیشک میں دیکھ رہا ہوں	جو	نہیں تم سب دیکھ رہے	بیشک میں ڈرتا ہوں

ع 6/4/2

اللّٰهَ ط	وَ اللّٰهُ	شَدِیْدُ	الْعِقَابِ (48) ع	اِذْ	یَقُوْلُ ❻
اللہ سے	اور اللہ	بہت سخت ہے	عذاب والا	جب	کہہ رہے تھے

الْمُنٰفِقُوْنَ	وَ	الَّذِیْنَ	فِیْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ
سب منافق	اور	وہ لوگ جو (کہ)	اُن کے دلوں میں	بیماری تھی

غَرَّ	هٰٓؤُلَآءِ	دِیْنُهُمْ ط	وَ	مَنْ	یَّتَوَکَّلْ ❻❼
دھوکہ دیا ہے	ان (لوگوں) کو	ان کے دین نے	اور	جو (کوئی)	بھروسا کرے

عَلَی اللّٰهِ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	عَزِیْزٌ ❽	حَکِیْمٌ ❽ ط (49)
اللہ پر	تو بیشک	اللہ	نہایت غالب	بہت حکمت والا ہے

ضروری وضاحت

❶ "تَ" اور "اٰ" میں باہمی طور پر کام کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ "تَرَآءَتِ" کے آخر میں دراصل "تْ" ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دی گئی اور اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ لفظ کے آخر میں "اِنْ" تعداد میں دو ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔ ❹ "هٖ" کا ترجمہ کبھی اپنا اپنی اپنے بھی کیا جاتا ہے۔ ❺ علامت "ی" اور "أ" دونوں کا ترجمہ "میں" کیا گیا ہے۔ ❻ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ علامت "تَ" اور شد میں کسی کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ لَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى	اور کاش آپ دیکھیں جب جان قبض کرتے ہیں
الَّذِيْنَ كَفَرُوا ۙ	اُن لوگوں کی جنہوں نے کفر کیا
الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ	فرشتے، وہ مارتے ہیں
وُجُوْهَهُمْ وَ اَدْبَارَهُمْ ۚ	اُن کے چہروں پر اور اُن کی پیٹھوں پر
وَ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿50﴾	اور (کہتے ہیں) چکھو جلنے کا عذاب۔ ﴿50﴾
ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ	یہ اس وجہ سے ہے جو آگے بھیجا ہے
اَيْدِيْكُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ	تمہارے ہاتھوں نے اور یہ کہ بیشک اللہ نہیں ہے
بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿51﴾ ۙ	بالکل ظلم کرنیوالا (اپنے) بندوں پر۔ ﴿51﴾
كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ	(ان کا وہی حال ہوا) جیسے حال ہوا تھا آل فرعون کا
وَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ	اور ان لوگوں کا جو ان سے پہلے تھے
كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	انہوں نے انکار کیا اللہ کی آیات کا
فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ	تو پکڑلیا انہیں اللہ نے اُن کے گناہوں کے سبب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَرٰٓى	رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	ذُوْقُوْا	ذائقہ، بد ذائقہ، ذوق۔
يَتَوَفَّى	فوت، وفات، فوتگی۔	قَدَّمَتْ	قدم، اقدام، مقدم، تقدیم۔
كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار۔	اَيْدِيْكُمْ	ید بیضا، ید طولٰی، ذوالیدین۔
الْمَلٰٓئِكَةُ	ملک الموت، ملائکہ۔	بِظَلَّامٍ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
يَضْرِبُوْنَ	ضرب کاری، ضرب مؤمن، مضروب۔	لِّلْعَبِيْدِ	عبد، عبادت، عابد، معبود۔
وُجُوْهَهُمْ	متوجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔	اٰلِ	آل یاسر، آل اولاد۔
اَدْبَارَهُمْ	دبر۔	فَاَخَذَ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ	لَوۡ	تَرٰۤی	اِذۡ	يَتَوَفَّى ❶	الَّذِيۡنَ
اور	کاش	آپ دیکھیں	جب	جان قبض کرتے ہیں	اُن لوگوں کی جن

كَفَرُوا ۙ	الۡمَلٰٓئِكَةُ ❷	يَضۡرِبُوۡنَ	وُجُوۡهَهُمۡ ❸	وَ	اَدۡبَارَهُمۡ ❸ ۚ
سب نے کفر کیا	فرشتے	وہ سب مارتے ہیں	اُن کے چہروں پر	اور	اُن کی پیٹھوں پر

وَ	ذُوۡقُوۡا	عَذَابَ الۡحَرِيۡقِ ﴿50﴾	ذٰلِكَ ❹	بِمَا
اور (کہتے ہیں)	سب چکھو	جلنے کا عذاب	یہ	اس وجہ سے ہے جو

قَدَّمَتۡ ❺	اَيۡدِيۡكُمۡ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ
آگے بھیجا ہے	تمہارے ہاتھوں نے	اور	یہ کہ بیشک	اللہ

لَيۡسَ	بِظَلَّامٍ ❻	لِّلۡعَبِيۡدِ ﴿51﴾ ۙ	كَدَاۡبِ	اٰلِ فِرۡعَوۡنَ ۙ
نہیں ہے	ظلم کرنیوالا	(اپنے) بندوں پر	(ان کا وہی حال ہوا) جیسے حال ہوا تھا	آل فرعون کا

وَ	الَّذِيۡنَ	مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ	كَفَرُوۡا
اور	ان لوگوں کا جو	ان سے پہلے تھے	ان سب نے انکار کیا

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ❼	فَاَخَذَهُمُ	اللّٰهُ	بِذُنُوۡبِهِمۡ ❸ ؕ
اللہ کی آیات کا	تو پکڑ لیا انہیں	اللہ نے	اُن کے گناہوں کے سبب

ضروری وضاحت

❶ "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے اور "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ اَلۡمَلٰٓئِكَةُ کے آخر میں "ة" واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کے لئے ہے۔ ❸ "هُمۡ" اگر اسم کے ساتھ آئے تو ترجمہ ان کا، ان کی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❹ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً کبھی اس کا ترجمہ یہ بھی کیا جاتا ہے۔ ❺ "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ یہاں علامت "بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ "ات" کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿52﴾	بیشک اللہ نہایت طاقتور، سخت عذاب والا ہے۔ ﴿52﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ	یہ اس وجہ سے ہے کہ بیشک اللہ
لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً	نہیں ہے بدلنے والا کسی نعمت کو
اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ	(جو) اس نے انعام کی ہو اُسے کسی قوم پر
حَتّٰى يُغَيِّرُوْا	یہاں تک کہ وہ بدل دیں
مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ	جو اُن کے دلوں میں ہے اور بیشک اللہ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ ﴿53﴾	خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے۔ ﴿53﴾
كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ	(ان کا وہی حال ہوا) جیسا کہ حال ہوا آل فرعون کا
وَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ	اور اُن لوگوں کا جو ان سے پہلے تھے
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ	انہوں نے جھٹلایا اپنے رب کی آیات کو
فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ	تو ہم نے ہلاک کر دیا اُنہیں اُنکے گناہوں کے سبب
وَ اَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ	اور ہم نے غرق کر دیا آل فرعون کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَوِيٌّ : قوی، مقوی، قوت۔	سَمِيْعٌ : سمع وبصر، آلہ سماعت، محفل سماع۔
شَدِيْدُ : شدید، اشد، شدت۔	اٰلِ : آل واولاد، آل یاسر۔
الْعِقَابِ : عقوبت خانہ۔	قَبْلِهِمْ : قبل از غذا، چند دن قبل۔
مُغَيِّرًا ، يُغَيِّرُوْا : تغیر وتبدل، متغیر۔	كَذَّبُوْا : کاذب، کذاب، تکذیب۔
اَنْعَمَهَا : انعام، نعمت، منعم حقیقی۔	بِاٰيٰتِ : آیت، آیات۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	فَاَهْلَكْنٰهُمْ : ہلاک، ہلاکت، مہلک۔
بِاَنْفُسِهِمْ : نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔	اَغْرَقْنَآ : غرق، غرقاب۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اِنَّ	اللّٰهَ	قَوِيٌّ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ (52)	ذٰلِكَ ①
بیشک	اللہ	نہایت طاقتور	(اور) سخت	عذاب والا ہے	یہ

بِاَنَّ	اللّٰهَ	لَمْ يَكُ ②	مُغَيِّرًا ③	نِّعْمَةً ④
اس وجہ سے ہے کہ بیشک	اللہ	نہیں ہے	بدلنے والا	کسی نعمت کو

اَنْعَمَهَا	عَلٰى قَوْمٍ ④	حَتّٰى	يُغَيِّرُوْا	مَا
(جو) اس نے انعام کی ہو اُسے	کسی قوم پر	یہاں تک کہ	وہ سب بدل دیں	جو

بِاَنْفُسِهِمْ ۙ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ ⑤	عَلِيْمٌ ۙ ⑤ (53)
اُن کے دلوں میں ہے	اور	بیشک	اللہ	خوب سننے والا	خوب جاننے والا ہے

كَدَاْبِ	اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ	وَ	الَّذِيْنَ
(ان کا وہی حال ہوا) جیسا کہ حال ہوا	آل فرعون کا	اور	اُن لوگوں کا جو

مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِ ⑥	رَبِّهِمْ	فَاَهْلَكْنٰهُمْ ⑦
ان سے پہلے تھے	ان سب نے جھٹلایا	آیات کو	اپنے رب کی	تو ہلاک کر دیا ہم نے اُنہیں

بِذُنُوْبِهِمْ	وَ	اَغْرَقْنَآ ⑦	اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ
اُن کے گناہوں کے سبب	اور	ہم نے غرق کر دیا	آل فرعون کو

ضروری وضاحت

① "ذٰلِكَ" کا ترجمہ وہ ہے ضرورتاً یہ ترجمہ کیا گیا ہے۔ ② لَمْ يَكُ اصل میں لَمْ يَكُنْ تھا تخفیف کے لئے نون گر گیا ہے اور یہاں علامت "یْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ③ علامت "مُ" اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے"۔ ④ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ة کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے، ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ "نا" سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ "ہم نے" کرتے ہیں۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ كُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿54﴾	اور (وہ) سب ظلم کرنے والے تھے۔ ﴿54﴾
اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ	بیشک (سب) جانداروں سے برے اللہ کے نزدیک
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا
فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿55﴾ صلے	سو وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ ﴿55﴾
اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ	جن سے آپ نے (صلح کا) عہد لیا ہے ان میں سے
ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ	پھر وہ توڑ دیتے ہیں اپنے عہد کو
فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿56﴾	ہر بار اور وہ نہیں ڈرتے۔ ﴿56﴾
فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ	پس اگر (کبھی) ضرور تم پاؤ انہیں جنگ میں
فَشَرِّدْ بِهِمْ	تو (انہیں ایسی سزا دو کہ) بھگا دو ان کے ذریعے اُنہیں
مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿57﴾	جو ان کے پیچھے ہیں تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ ﴿57﴾
وَ اِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً	اور اگر آپ واقعتاً ڈریں کسی قوم کی خیانت (بدعہدی) پر
فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ط	تو پھینک دیں ان کی طرف (انکا عہد) مساوی طور پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ظٰلِمِيْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	يَتَّقُوْنَ	متقی، تقویٰ۔
شَرَّ	شر، شریر، شرارت۔	الْحَرْبِ	دارالحرب، حربی آلات۔
عِنْدَ	عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔	خَلْفَهُمْ	خلف، ناخلف، خلف الرشید، خلیفہ۔
كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار۔	يَذَّكَّرُوْنَ	ذکر، اذکار، مذکورہ، تذکرہ۔
يُؤْمِنُوْنَ	ایمان، مؤمن، امن۔	تَخَافَنَّ	خوف، خائف۔
عٰهَدْتَّ	عہد، معاہدہ۔	خِيَانَةً	خیانت، خائن۔
يَنْقُضُوْنَ	نقض عہد، نقضِ امن۔	سَوَآءٍ	مساوی، مساوات۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ	كُلٌّ	كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ[1] (54)	اِنَّ	شَرَّ	الدَّوَآبِّ
اور	(وہ) سب	تھے سب ظلم کرنے والے	بیشک	برے	سب جانداروں سے

عِنْدَ اللّٰهِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ[2] (55)
اللہ کے نزدیک	وہ لوگ ہیں جن	سب نے کفر کیا	سو وہ	نہیں وہ سب ایمان لائیں گے

اَلَّذِيْنَ	عٰهَدْتَّ	مِنْهُمْ	ثُمَّ	يَنْقُضُوْنَ
جن سے	آپ نے (صلح کا) عہد لیا ہے	ان میں سے	پھر	وہ سب توڑ دیتے ہیں

عَهْدَهُمْ	فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ[3]	وَ	هُمْ لَا يَتَّقُوْنَ[2][4] (56)	فَاِمَّا	تَثْقَفَنَّهُمْ[5]
اپنے عہد کو	ہر بار	اور	وہ نہیں سب ڈرتے	پس اگر	ضرور تم پاؤ انہیں

فِي الْحَرْبِ	فَشَرِّدْ	بِهِمْ	مَّنْ	خَلْفَهُمْ
جنگ میں	تو بھگادو	ان کے ذریعے انہیں	جو	ان کے پیچھے ہیں

لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ[4] (57)	وَ	اِمَّا	تَخَافَنَّ[5]	مِنْ قَوْمٍ[6]
تاکہ وہ سب نصیحت پکڑیں	اور	اگر	آپ واقعتاً ڈریں	کسی قوم سے

خِيَانَةً[3]	فَانْۢبِذْ[7]	اِلَيْهِمْ	عَلٰى سَوَآءٍ ؕ
خیانت (بدعہدی) پر	تو آپ پھینک دیں	ان کی طرف (انکا عہد)	مساوی طور پر

ضروری وضاحت

[1] "وْا" اور "وْنَ" دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ [2] لَا کے بعد فعل کے آخر میں "وْنَ" میں کام نہ ہونے کی خبر کا مفہوم ہوتا ہے۔ [3] "ةً" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ [4] هُمْ اور "يَـ" دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ [5] علامت "نَّ" فعل میں تاکید کا مفہوم شامل کر دیتی ہے اسی لیے ترجمہ "ضرور اور واقعتاً" کیا گیا ہے۔ [6] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔ [7] فعل کے شروع میں "اَ" اور آخر میں جزم میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ع 7/10/3

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿58﴾ ع	بیشک اللہ نہیں پسند کرتا خیانت کرنے والوں کو۔ ﴿58﴾ ع
وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ	اور نہ ہرگز گمان کریں وہ لوگ جنہوں نے
كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ	کفر کیا (کہ بچ کر) وہ نکل گئے،
اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿59﴾	بیشک وہ (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتے۔ ﴿59﴾
وَ اَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ	اور تیار کرو ان کے لیے جتنی تم استطاعت رکھتے ہو
مِّنْ قُوَّةٍ وَّ مِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ	قوت سے اور بندھے ہوئے گھوڑوں سے
تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ	(کہ) تم ڈراتے رہو اس سے اللہ کے دشمن کو
وَ عَدُوَّكُمْ وَ اٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ	اور اپنے دشمن کو اور کچھ دوسروں کو ان کے علاوہ
لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ؕ	(کہ) نہیں تم جانتے ہو اُنہیں، اللہ جانتا ہے اُنہیں
وَ مَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور جو تم خرچ کرو کسی چیز سے اللہ کے راستے میں
يُوَفَّ اِلَيْكُمْ	(تو) پورا لوٹا دیا جائے گا تمہاری طرف (اس کا اجر)
وَ اَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿60﴾	اس حال میں کہ تم ظلم نہیں کیے جاؤ گے۔ ﴿60﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُحِبُّ : حب، حبیب، محبّ، محبت۔	تُرْهِبُوْنَ : راہب، رہبانیت، ترغیب وترہیب۔
الْخَآئِنِيْنَ : خیانت، خائن۔	عَدُوَّكُمْ : عدو، عداوت۔
سَبَقُوْا : سبقت لے جانا، سابقہ، مسابقت۔	اٰخَرِيْنَ : آخری، اخروی زندگی، فکر آخرت۔
يُعْجِزُوْنَ : عاجز، عجز وانکساری۔	تُنْفِقُوْا : انفاق فی سبیل اللہ، نان ونفقہ۔
اَعِدُّوْا : مستعد، استعداد۔	سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
اسْتَطَعْتُمْ : استطاعت، مستطیع۔	يُوَفَّ : وعدہ وفا، ایفائے عہد۔
رِبَاطِ : ربط، رابطہ، مربوط۔	تُظْلَمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ع 7 10 3

اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ ❶	الْخَآئِنِيْنَ ﴿58﴾ ع	وَ لَا	يَحْسَبَنَّ ❶	الَّذِيْنَ
بیشک اللہ	نہیں پسند کرتا	سب خیانت کرنیوالوں کو	اور نہ	ہرگز گمان کریں	وہ لوگ جن

كَفَرُوْا	سَبَقُوْا ط	اِنَّهُمْ	لَا يُعْجِزُوْنَ ❷ ﴿59﴾
سب نے کفر کیا	(کہ بچ کر) وہ سب نکل گئے	بیشک وہ	نہیں وہ سب عاجز کر سکتے (اللہ کو)

وَ	اَعِدُّوْا ❸	لَهُمْ	مَّا	اسْتَطَعْتُمْ	مِّنْ قُوَّةٍ ❹
اور	تم سب تیار کرو	ان کے لیے	جتنی	تم استطاعت رکھتے ہو	قوت سے

وَّ	مِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ	تُرْهِبُوْنَ	بِهٖ	عَدُوَّ اللّٰهِ
اور	بندھے ہوئے گھوڑوں سے	(کہ) تم سب ڈراتے رہو	اس سے	اللہ کے دشمن کو

وَ	عَدُوَّكُمْ	وَ	اٰخَرِيْنَ	مِنْ دُوْنِهِمْ ج ❺	لَا	تَعْلَمُوْنَهُمْ ج ❻
اور	اپنے دشمن کو	اور	کچھ دوسروں کو	ان کے علاوہ	(کہ) نہیں	تم سب جانتے اُنہیں

اَللّٰهُ	يَعْلَمُهُمْ ❶❻	وَ مَا	تُنْفِقُوْا	مِنْ شَيْءٍ ❼	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
اللہ	جانتا ہے اُنہیں	اور جو	تم سب خرچ کرو گے	کسی چیز سے	اللہ کے راستے میں

يُوَفَّ ❶❽	اِلَيْكُمْ	وَ	اَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ❷❽ ﴿60﴾
(تو) پورا لوٹا دیا جائے گا	تمہاری طرف (اس کا اجر)	اور	تم نہیں سب ظلم کیے جاؤ گے

ضروری وضاحت

❶ "يَـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ لَا کے بعد فعل کے آخر میں "وْنَ" میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❸ شروع میں "اَ" اور آخر میں "وْا" میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ "ةٍ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ علامت "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ فعل کے ساتھ هُمْ کا ترجمہ انہیں کیا جایا ہے۔ ❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ علامت "يُـ" اور "تُـ" پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ اِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ	اور اگر وہ جھکیں صلح کے لیے
فَاجْنَحْ لَهَا	تو آپ (بھی) جھکیں اُس کے لیے
وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ	اور بھروسا کیجیے اللہ پر
اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿61﴾	بیشک وہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے۔ ﴿61﴾
وَ اِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ	اور اگر وہ ارادہ کریں کہ وہ دھوکہ دیں آپ کو
فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ	تو بیشک اللہ ہی تجھے کافی ہے
هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ	وہی ہے جس نے آپ کو قوت بخشی
بِنَصْرِهٖ وَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿62﴾ ۙ	اپنی مدد سے اور مؤمنوں سے۔ ﴿62﴾
وَ اَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ	اور اس نے الفت ڈال دی انکے دلوں کے درمیان
لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ	اگر آپ خرچ کرتے جو کچھ زمین میں ہے
جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ	سب کا سب، نہیں اُلفت پیدا کر سکتے تھے آپ
بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ	اُن کے دلوں کے درمیان اور لیکن اللہ تعالیٰ نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِلسَّلْمِ : سلام، سلامتی، اسلام۔
تَوَكَّلْ : توکل، متوکل علی اللہ۔
عَلَى : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔
السَّمِيْعُ : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔
الْعَلِيْمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
يُرِيْدُوْٓا : ارادہ، مراد، مرید۔
اَيَّدَكَ : تائید، مؤید۔

بِنَصْرِهٖ : نصرت، ناصر، انصار۔
بِالْمُؤْمِنِيْنَ : ایمان، مؤمن، امن۔
اَلَّفْتَ : الفت، تألیف قلب، مالوف وطن۔
بَيْنَ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔
قُلُوْبِهِمْ : قلب اطہر، قلبی تعلق، امراض قلب۔
اَنْفَقْتَ : انفاق فی سبیل اللہ، نان ونفقہ۔
الْاَرْضِ : ارض وسما، کرۂ ارض، قطعہ اراضی۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ اِنْ (1)	جَنَحُوْا	لِلسَّلْمِ	فَا جْنَحْ	لَهَا
اور اگر	وہ سب جھکیں	صلح کے لیے	تو آپ (بھی) جھکیں	اُس کے لیے

وَ	تَوَكَّلْ (2)	عَلَى اللّٰهِ ؕ	اِنَّهٗ	هُوَ السَّمِيْعُ (3)(4)	الْعَلِيْمُ (4) ﴿61﴾
اور	بھروسا کیجیے	اللہ پر	بیشک وہ	ہی خوب سننے والا	خوب جاننے والا ہے

وَ اِنْ (1)	يُّرِيْدُوْٓا	اَنْ (1)	يَّخْدَعُوْكَ (5)	فَاِنَّ
اور اگر	وہ سب ارادہ کریں	کہ	وہ سب دھوکہ دیں آپ کو	تو بیشک

حَسْبَكَ	اللّٰهُ ؕ	هُوَ	الَّذِيْٓ	اَيَّدَكَ (6)(7)	بِنَصْرِهٖ
کافی ہے تجھے	اللہ ہی	وہی ہے	جس نے	آپ کو قوت بخشی	اپنی مدد سے

وَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿62﴾ ۙ	وَ	اَلَّفَ (6)(7)	بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ	لَوْ
اور	سب مؤمنوں سے	اور	اس نے الفت ڈال دی	انکے دلوں کے درمیان	اگر

اَنْفَقْتَ	مَا	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	مَّآ
آپ خرچ کرتے	جو (کچھ)	زمین میں ہے	سب کا سب	نہیں

اَلَّفْتَ (6)(7)	بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ	وَ	لٰكِنَّ	اللّٰهَ
اُلفت پیدا کرسکتے تھے آپ	اُن کے دلوں کے درمیان	اور	لیکن	اللہ تعالیٰ نے

ضروری وضاحت

(1) "اِنْ" کا ترجمہ اگر اور "اَنْ" کا ترجمہ "کہ" کیا جاتا ہے۔ (2) علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے (3) علامت "هُوَ" کے بعد اگر "ال" ہو تو اس میں "ہی" کا مفہوم ہوتا ہے۔ (4) اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ (5) علامت "وْا" کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ (6) شروع میں "أ" کا ترجمہ میں نہیں ہے بلکہ یہ "أ" اصل لفظ کا حصہ ہے۔ (7) فعل کے درمیان میں شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ	اُلفت ڈال دی اُن کے درمیان، بیشک وہ
عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿63﴾	خوب غالب، کمال حکمت والا ہے۔ ﴿63﴾
يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ	اے نبی! (ﷺ) کافی ہے آپ کو اللہ
وَ مَنِ اتَّبَعَكَ	اور (اُنہیں بھی) جو آپ کے پیچھے چلے
مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿64﴾ ع	مؤمنوں میں سے۔ ﴿64﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ	اے نبی! (ﷺ) اُبھاریے مؤمنوں کو
عَلَى الْقِتَالِ ؕ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ	لڑائی پر، اگر ہوں تم میں سے بیس
صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ	صبر کرنے والے (تو) غالب آئیں گے دو سو پر
وَ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا	اور اگر ہوں تم میں سے ایک سو (تو) وہ غالب آئیں گے
اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	ایک ہزار پر اُن لوگوں میں سے جنہوں نے کفر کیا
بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ	اس وجہ سے کہ بیشک وہ (ایسے) لوگ ہیں (جو)
لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿65﴾	نہیں سمجھتے۔ ﴿65﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلَّفَ	الفت، تألیف قلب۔	الْقِتَالِ	قتل، قتال، قاتل، مقتول۔
بَيْنَهُمْ	بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔	صٰبِرُوْنَ	صبر، صابر۔
حَكِيْمٌ	حکیم، حکمت۔	يَغْلِبُوْا	غالب، مغلوب، غلبہ۔
وَ	شام وسحر، لیل ونہار، صابر وشاکر۔	مِّنَ	من جانب، من حیث القوم۔
اتَّبَعَكَ	اتباع، متبع سنت، تابع فرماں۔	كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار۔
الْمُؤْمِنِيْنَ	ایمان، مؤمن، امن۔	قَوْمٌ	قوم، اقوام، قومیت۔
النَّبِيُّ	نبی، انبیائے کرام۔	يَفْقَهُوْنَ	فقہ، فقاہت، فقیہ الامت۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اَلَّفَ ❶	بَيْنَهُمْ ط	اِنَّهٗ	عَزِيْزٌ ❷	حَكِيْمٌ ❷ (63)
اُلفت ڈال دی	اُن کے درمیان	بیشک وہ	خوب غالب	کمال حکمت والا ہے

يٰٓاَيُّهَا ❸	النَّبِيُّ	حَسْبُكَ	اللّٰهُ	وَ	مَنِ	اتَّبَعَكَ
اے	نبی! (ﷺ)	کافی ہے آپ کو	اللہ	اور	(اُنہیں بھی) جو	آپ کے پیچھے چلے

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ع (64)	يٰٓاَيُّهَا ❸	النَّبِيُّ	حَرِّضِ ❶	الْمُؤْمِنِيْنَ
سب مؤمنوں میں سے	اے	نبی! (ﷺ)	اُبھاریے	سب مؤمنوں کو

عَلَى الْقِتَالِ ط	اِنْ	يَّكُنْ ❹	مِّنْكُمْ	عِشْرُوْنَ ❺	صٰبِرُوْنَ
لڑائی پر	اگر	ہوں	تم میں سے	بیس	سب صبر کرنے والے

يَّغْلِبُوْا	مِائَتَيْنِ ج	وَ	اِنْ	يَّكُنْ ❹	مِّنْكُمْ
(تو) وہ سب غالب آئیں گے	دوسو پر	اور	اگر	ہوں	تم میں سے

مِّائَةٌ ❻	يَّغْلِبُوْٓا	اَلْفًا	مِّنَ الَّذِيْنَ
ایک سو (تو)	وہ سب غالب آئیں گے	ایک ہزار پر	اُن لوگوں میں سے جن

كَفَرُوْا	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَّا يَفْقَهُوْنَ ❼ (65)
سب نے کفر کیا	اس وجہ سے کہ بیشک وہ	(ایسے) لوگ ہیں	(جو) نہیں وہ سب سمجھتے

ع 8/6/4

ضروری وضاحت

❶ اس فعل کے درمیان شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ ❸ یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ترجمہ اے ہے۔ ❹ علامت ”یَ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ ”وْنَ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ علامت ”ۃ“ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ ”لَا“ کے بعد فعل کے آخر میں ”وْنَ“ میں کام کے نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ	اب ہلکا کر دیا ہے اللہ نے تم سے (بوجھ)
وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ	اور اس نے جان لیا ہے کہ بیشک تم میں
ضَعْفًا ۭ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ	کچھ کمزوری ہے پس اگر ہوں تم میں سے ایک سو
صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ	صبر کرنے والے (تو) وہ غالب آئیں گے دو سو (پر)
وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ	اور اگر ہوں تم میں سے ایک ہزار
يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ	(تو) وہ غالب آئیں دو ہزار پر اللہ کے حکم سے
وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿66﴾	اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ ﴿66﴾
مَا كَانَ لِنَبِيٍّ	نہیں ہے (مناسب) کسی نبی کے لیے
اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى	کہ ہوں اس کے پاس قیدی
حَتّٰي يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ۭ	یہاں تک کہ وہ خون بہالے زمین میں
تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ڰ	تم چاہتے ہو دنیا کا سامان
وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۭ	اور اللہ چاہتا ہے آخرت کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خَفَّفَ : خفیف، خفت، مخفف، تخفیف۔	لِنَبِيٍّ : نبی، انبیائے کرام۔
عَلِمَ : علم، تعلیم، معلم، معلومات۔	اَسْرٰى : اسیران بدر، اسیران وطن، اسیر مالٹا۔
ضَعْفًا : ضعف، ضعیف۔	حَتّٰي : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسع۔
يَّغْلِبُوْٓا :: غالب، مغلوب، غلبہ۔	الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعہ ارض، اراضی۔
بِاِذْنِ : اذن عام۔	فِي : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
مَعَ : مع اہل وعیال، معیت۔	تُرِيْدُوْنَ : ارادہ، مرید، مراد۔
الصّٰبِرِيْنَ : صبر، صابر۔	الْاٰخِرَةَ : آخرت، اخروی زندگی۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اَلْئٰنَ	خَفَّفَ ①	اللّٰهُ ②	عَنْكُمْ	وَ	عَلِمَ	اَنَّ
اب	ہلکا کردیا ہے	اللہ نے	تم سے (بوجھ)	اور	اس نے جان لیا ہے	کہ بیشک

فِيْكُمْ	ضَعْفًا ③ ط	فَاِنْ	يَّكُنْ ④	مِّنْكُمْ	مِّائَةٌ ⑤	صَابِرَةٌ ⑤
تم میں	کچھ کمزوری ہے	پس اگر	ہوں	تم میں سے	ایک سو	صبر کرنے والے

يَّغْلِبُوْا	مِائَتَيْنِ ⑥ ج	وَ اِنْ	يَّكُنْ ④	مِّنْكُمْ	اَلْفٌ
(تو) وہ سب غالب آئیں گے	دوسو پر	اور اگر	ہوں	تم میں سے	ایک ہزار

يَّغْلِبُوْٓا	اَلْفَيْنِ ⑥	بِاِذْنِ اللّٰهِ ط	وَ	اللّٰهُ	مَعَ
(تو) وہ سب غالب آئیں	دوہزار پر	اللہ کے حکم سے	اور	اللہ	ساتھ ہے

الصّٰبِرِيْنَ ⑦ (66)	مَا كَانَ	لِنَبِيٍّ ③	اَنْ	يَّكُوْنَ ④
سب صبر کرنے والوں کے	نہیں ہے مناسب	کسی نبی کے لیے	کہ	ہوں

لَهٗٓ	اَسْرٰى	حَتّٰى	يُثْخِنَ	فِي الْاَرْضِ ط
اس کے پاس	قیدی	یہاں تک کہ	وہ خون بہالے	زمین میں

تُرِيْدُوْنَ	عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ	وَ	اللّٰهُ	يُرِيْدُ ④	الْاٰخِرَةَ ⑤ ط
تم سب چاہتے ہو	دنیا کا سامان	اور	اللہ	چاہتا ہے	آخرت کو

ضروری وضاحت

① اس فعل کے درمیان شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے ۔ ② فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کچھ یا کسی کیا گیا ہے ④ علامت ''يَ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ ''ة'' واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ علامت ''يْنِ'' میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ اللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿67﴾	اور اللہ بہت غالب، کمال حکمت والا ہے۔ ﴿67﴾
لَوْ لَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ	اگر نہ (ہوتی) لکھی ہوئی (بات) اللہ کی طرف سے
سَبَقَ لَمَسَّكُمْ	(جو) پہلے طے ہو چکی (تو) یقیناً پہنچتا تمہیں
فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿68﴾	اس (کے بدلے) میں جو تم نے لیا بہت بڑا عذاب۔ ﴿68﴾
فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ	سو کھاؤ اس سے جو تم نے غنیمت حاصل کی ہے
